# ای سی آئی گرین انرجی سلوشنز

## توانائی کا بہتر استعمال۔۔۔ آج اور کل مالامال

## ایک تعارف

ای سی آئی ایک پائیدار اور ماحول دوست مستقبل کی طرف قدم بڑھانے کے لیے پر عزم ہے۔ شمسی توانائی سے متعلقہ خدمات فراہم کرنے والے ادارہ کے طور پر، ہمیں ایسے جدید حل پیش کرنے پر فخر ہے جو سورج کی مدد سے آپ کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے میں مددگار ہوں گے۔!!

### مستقبل کا خواب

ہماری نظر مستقبل پر ہے اور ہم ہر ممکن کوشش کریں گے جس سے انسانی صلاحیتوں اور امکانات کو وسعت دی جاسکے۔

### حکمت عملی

اپنے صارفین کی خدمت کے لیے موجود رہنا، ہمیشہ ان کی بہتر زندگی بارے سوچنا، اور انکے ساتھ لمبے دورانیے کے تعلقات قائم کرنا۔


### جدت

ہم جدت پر یقین رکھتے ہیں اور اسے اپنے گاہکوں تک پہنچانے کے لیے پوری تیاری رکھتے ہیں۔

ہمارے پُرعزم ماہرین کی ٹیم قابل تجدید توانائی کو اپنانے اور ماحولیات پر مثبت اثر ڈالنے کے اس عمل میں آپ کی رہنمائی کے لیے موجود ہے۔ پچھلی دہائی سے، ECI نے قابل تجدید توانائی کے شعبے (زیادہ تر شمسی توانائی) میں کام کرنا شروع کیا تاکہ عوام الناس کی مدد کی جاسکے۔ توانائی کے بحران اور بجلی کی قیمتوں کو دیکھ کر ای سی آئی علاقائی سطح پر گھریلو اور تجارتی استعمال کے لیے سولر پینل سسٹم قسطوں پر فراہم کرنے میں سہولت فراہم کر رہا ہے۔

## ہماری شمسی توانائی یا سولر کی مصنوعات و خدمات

گھریلو ضرورت کا سولر سسٹم ای سی آئی گھریلو ضروریات کو مدِ نظر رکھ کر سولر سسٹم کے ساتھ توانائی کی ضرورت کو پورا کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ ہماری مدد سے آپ گھر کے لیے بجلی پیدا کرنے، اپنے کاربن فٹ پرنٹ کو کم کرنے اور بجلی کے اخراجات کو بچانے کے لیے سورج کی طاقت کا استعمال کریں گے۔




## کاروباری یا کمرشل سولر سسٹم



کاروبار ایک پائیدار مستقبل میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہمارا کاروباری سولر سسٹم کاروباروں کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرتا ہے، جو لاگت کو کم کرتا ہے اور ماحول دوست حل مہیا کرتا ہے۔ اس میں کسانوں کے لیے ٹیوب ویل اور آٹا چکی کے لیے سولر سسٹم کی فراہمی بھی شامل ہے۔

## صنعتی سولر پروجیکٹس



ہم صنعتوں کے لیے بڑے پیمانے پر شمسی توانائی کے منصوبے تیار کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ ہم صنعتی توانائی کی ضروریات کی پیچیدگیوں کو سمجھتے ہیں اور ان کی پیداوار ضرورت کے مطابق شمسی حل فراہم کرتے ہیں۔

## سولر پینل کی بحالی اور اپ گریڈ



اسی سی آئی سولر پینل کی دیکھ بھال، مرمت اور اپ گریڈیشن کی خدمات بھی فراہم کرتا ہے تاکہ سولر پینلز کی کارکردگی بہتر ہو سکے۔ ہمارے ہنر مند تکنیکی ماہرین کی ٹیم آپ کے سولر سسٹم کو بہترین کارکردگی کے لیے درست حالت میں رکھنے کے لیے مددگار ہے۔

## سولر فارم



اسی سی آئی سولر فارم جیسے منصوبوں کی منصوبہ سازی، ڈیزائن اور نفاذ میں مہارت رکھتا ہے۔ چاہے آپ ایک سرمایہ کار ہوں، ایک کمیونٹی یا ایک ایسی تنظیم جو شمسی توانائی کو بڑے پیمانے پر استعمال کرنا چاہتی ہے، ہماری ٹیم توانائی کی پیداوار اور ماحولیاتی پائیداری کو بہتر بنانے والے سولر فارمز کی تیاری اور انتظام کرنے کے لیے تیار ہے۔

## سولر انرجی کی مشاورت، مالی وسائل اور لیزنگ کی فراہمی




ای سی آئی سولر سسٹم لگانے کے علاوہ جامع مشاورتی خدمات بھی پیش کرتا ہے۔ ہمارے ماہرین ایسی معلومات فراہم کرتے ہیں، جس سے آپ شمسی توانائی کو اپنانے کے لئے بروقت فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ ہم سولر مصنوعات کے حصول کے لیے مالی وسائل اور لیزنگ میں بھی مدد فراہم کرتے ہیں تاکہ سولر مصنوعات سب کی پہنچ میں ہوں۔

## سولر سے متعلقہ تربیتی پروگرام



ای سی آئی سولر سسٹم لگانے مرمت کرنے کی تکنیکی مہارتوں کے علاوہ سولر فروخت کرنے والے افراد، کاروباروں اور چھوٹے قرضہ جات دینے والے اداروں کو بھی فروخت اور کاروباری مہارتوں پر تربیتیں فراہم کرتا ہے تاکہ وہ سولر مصنوعات کے کاروبار کو پھیلا سکیں۔

09-10, 2nd Floor, Al-Rehman Mall, Shabbir Sharif Road, G-11 Markaz, Islamabad, Pakistan. (+92-51) 2362869-71 info@eci.com.pk www.eci.com.pk